Date ______ 20
M T W T F S S

## مشق نمبر ۴۴    فعل مضارع
## (فعل امر حاضر)    مجزوم

| | جنس | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|---|
| عَبَدَ | | | | |
| | مذکر | اُعْبُدْ | اُعْبُدَا | اُعْبُدُوْا |
| | حاضر | تو عبادت کر | تم دونوں عبادت کرو | تم سب عبادت کرو |
| | مؤنث | اُعْبُدِی | اُعْبُدَا | اُعْبُدْنَ |
| | حاضر | تو عبادت کر | تم دونوں عبادت کرو | تم سب عبادت کرو۔ |
| جَعَلَ | | | | |
| | مذکر | اِجْعَلْ | اِجْعَلَا بناؤ | اِجْعَلُوْا |
| | حاضر | تو ایک مذکر کر / بنا | تم دونوں مذکر کرو / | تم سب مذکر کرو / بناؤ |
| | مؤنث | اِجْعَلِیْ | اِجْعَلَا بناؤ | اِجْعَلْنَ |
| | حاضر | تو ایک مؤنث کر / بنا | تم دونوں مؤنث کرو | تم سب مؤنث کرو / بناؤ |
| شَرِبَ | | | | |
| | مذکر | اِشْرِبْ | اِشْرِبَا | اِشْرِبُوْا |
| | حاضر | تو ایک مذکر پی | تم دونوں مذکر پیو | تم سب مذکر پیو |
| | مؤنث | اِشْرِبِیْ | اِشْرِبَا | اِشْرِبْنَ |
| | حاضر | تو ایک مؤنث پی | تم دونوں مؤنث پیو | تم سب مؤنث پیو |
| دَخَلَ | | | | |
| | مذکر | اُدْخُلْ | اُدْخُلَا | اُدْخُلُوْا |
| | حاضر | تو ایک مذکر داخل ہو | تم دونوں مذکر داخل ہو | تم سب مذکر داخل ہو |
| | مؤنث | اُدْخُلِیْ | اُدْخُلَا | اُدْخُلْنَ |
| | حاضر | تو ایک مؤنث داخل ہو | تم دونوں مؤنث داخل ہو | تم سب مؤنث داخل ہو |

Samra Khalil Uppal

# اُردو میں ترجمہ کریں

۱ تَعَالَ يَا مَحْمُوْدُ وَ اجْلِسْ عَلَى الْكُرْسِيِّ فَاشْرَبِ الْقَهْوَةَ.

فعلِ امر ۱ (اَنْتَ) | حرفِ ندا | منادیٰ | حرف عطف | فعلِ امر ۲ (اَنْتَ) + متعلق فعل | جر مجرور | حرف عطف | فعلِ امر ۳ (اَنْتَ) + مفعول بہٖ | اسم منصوب

.جملہ فعلیہ امر ۱ ۔ ۲ ۔ ۳

تُو آ اے محمود! اور کرسی پر بیٹھ پھر تو قہوہ پی۔

۲ يَا أَحْمَدُ! اِقْرَأْ شَيْئًا مِّنَ الْقُرْآنِ لِأَسْمَعَ قِرَاءَتَكَ.

حرفِ ندا | منادیٰ | فعلِ امر (اَنْتَ) + | اسم منصوب مفعول بہٖ + | جر مجرور متعلق فعل | لامِ کَیْ + فعل مضارع منصوب (اَنَا) + | مرکب اضافی مفعول بہٖ

.جملہ فعلیہ امر | .جملہ فعلیہ تعلیلیہ

اے احمد! تو قرآن سے کچھ پڑھ تاکہ میں تیری قرأت سُنوں۔

۳ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ.

حرفِ ندا | کلمہ ندا | معرف باللام منادیٰ | فعل امر (انتم) + | مرکب اضافی مفعول بہٖ | اسم موصولہ + | صلہ (جملہ فعلیہ) فعل ماضی + ضمیر مفعول بہٖ

.جملہ فعلیہ امر | (بدل رَبَّ)

اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا۔

۴ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّ ارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ.

مرکب اضافی منادیٰ | فعل امر (اَنْتَ) + | اشارہ مفعول بہ | بدل (مرکب توصیفی) | حرف عطف | فعل امر (اَنْتَ) + | مرکب اضافی مفعول بہٖ + | جر مجرور متعلق فعل

.جملہ فعلیہ امر | .جملہ فعلیہ امر

اے میرے رب! تو اِس شہر کو اَمن والا بنا دے اور اِس کے رہنے والوں کو پھلوں سے رزق دے۔

Samra Khalil Uppal

۵ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَ اسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ

حرفِ ندا — منادیٰ — فعل امر (اَنْتِ) + متعلق فعل: جر مجرور — حرف عطف — فعل امر (اَنْتِ) — حرف عطف — فعل امر (اَنْتِ)

جملہ فعلیہ امر. — جملہ فعلیہ امر. — جملہ فعلیہ امر.

اے مریم! تو اپنے رب کی فرمانبرداری کر، اور سجدہ کر اور رکوع کر۔

مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.

ظرف — مضاف الیہ.

متعلق فعل.

رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔

Samra Khalil Uppal

Date ____ 20
M T W T F S S

## اعرابی حالت

| | الفاظ | صیغہ نمبر | اعرابی حالت | ترجمہ | وجہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | وَاجْلِسْ | ۷ | مجزوم | اور تُو بیٹھ | فعل اَمر حاضر |
| ۲ | فَاشْرِبْ | ۷ | مجزوم | پس تُو پی . | فعل اَمر حاضر |
| ۳ | اَلْقَهْوَةَ | مفعول بہ | منصوب | قہوہ | مفعول بہٖ |
| ۴ | اِقْرَأْ | ۷ | مجزوم | تُو پڑھ | فعل اَمر حاضر |
| ۵ | لِاَسْمَعَ | ۱۳ | منصوب | تاکہ میں سُنوں | لامِ کَیْ |
| ۶ | قِرَءَتَكَ | اِسم | منصوب | تیری قرأت | مفعول بہٖ |
| ۷ | بَلَدًا اٰمِنًا | اِسم | منصوب | اَمن والا شہر | مفعول بہٖ |
| ۸ | وَارْزُقْ | ۷ | مجزوم | اور تُو رِزق دے | فعل اَمر حاضر |
| ۹ | وَاسْجُدِیْ | ۱۰ | مجزوم | اور تُو سجدہ کر | فعل اَمر حاضر |
| ۱۰ | الرّاکِعِیْنَ | اِسم | مجرور | سجدہ کرنیوالے | مضاف اِلیہ |

## قرآنی مثالیں

۱۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ (طٰهٰ: ۲۵)

منادیٰ فعل امر جر مجرور مرکب اضافی

(اَنْتَ) + متعلق فعل + مفعول بہٖ = جملہ فعلیہ اَمر

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے .

Samra Khalil Uppal

۲ اِذْهَبَا اِلٰى فِرْعَوْنَ (طٰهٰ: ۴۳)
فعل امر، جر مجرور
(أنتما) + متعلق فعل = جملہ فعلیہ امر
تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ۔

۳ وَ انْصُرُوْا اٰلِهَتَكُمْ (الانبیاء: ۶۸)
حرف، فعل امر، مرکبِ اضافی
عطف (أنتم) + مفعول بہ = جملہ فعلیہ امر
اور تم سب اپنے معبودوں کی مدد کرو۔

۴ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ (المائدہ: ۴)
حرف، فعل امر، مرکبِ اضافی، جر مجرور
عطف (أنتم) + مفعول بہ + متعلق فعل = جملہ فعلیہ امر
اور اُس پر اللہ کا نام پڑھو۔

۵ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً (آلِ عمران: ۴۱)
مرکبِ اضافی، فعل امر، جر مجرور، اسم منصوب
منادیٰ (أنتَ) + متعلق فعل + مفعول بہ = جملہ فعلیہ امر
اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی بنا۔

Samra Khalil Uppal

۶ فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ (الاحزاب: ۵۳)
حرف، فعل امر + ضمیر، جر مجرور (مرکبِ اضافی)
عطف انتم + مفعول بہ + متعلق فعل = جملہ فعلیہ امر
تم سب پردے کے پیچھے سے اُن سے سوال پوچھو۔

۷ رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ (البقرہ: ۱۲۹)
مرکبِ اضافی، حرف، فعل امر، جر مجرور، منصوب، جر مجرور (صفت رَسُوْلًا)
منادیٰ عطف (أنتَ) + متعلق فعل + مفعول بہ = جملہ فعلیہ امر
اے ہمارے رب! اور اُن میں، اُن ہی میں سے ایک رسول اُٹھا۔

(۴۴/۶)

۸ وَ اعْلَمُوْا أَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (البقرۃ: ۲۰۳)

حرف / فعل امر / اَنَّ + کُمْ / جر مجرور / فعل مضارع

عطف / (انتم) / حرف مشبہ بالفعل + اِسمُ اَنَّ + متعلق + مجہول و (انتم) = خبر

(جملہ اِسمیہ)

مفعول بہٖ (وَاعْلَمُوْا) - جملہ فعلیہ امر

اور تم سب جان لو کہ تم سب اُس کی طرف اِکٹھے کیے جاؤ گے۔

۹ اِرْكَعُوْا وَ اسْجُدُوْا وَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ (الحج: ۷۷)

فعل امر / عطف / فعل امر / عطف / فعل امر / مرکبِ اِضافی

اَنتم / انتم / انتم / مفعول بہٖ

جملہ فعلیہ امر ۱ / ۲ / ۳

تم سب رُکوع کرو اور تم سب سجدہ کرو اور تم سب اپنے رب کی عبادت کرو۔

۱۰ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ

حرف مشبہ بالفعل / منصوب اسمِ اِنَّ + خبرِ اِنَّ (مرکبِ اِضافی عطف مرکبِ اِضافی) (مرکبِ عطفی) مرفوع / حرف عطف + فعل امر + ضمیر منصوبہ (انتم) + مفعول بہٖ

جملہ اِسمیہ تاکیدی / جملہ فعلیہ امر

Samra Khalil Uppal

یقیناً میرا رب اور تمہارا رب اللہ ہے پس تم سب اُس کی عبادت کرو۔

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (آلِ عمران: ۵۱)

اِسمِ اشارہ / مرکبِ توصیفی

مبتداء + خبر

جملہ اِسمیہ

یہ سیدھا راستہ ہے۔

۱۱ رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (المؤمنون: ۱۱۸)

عطف عطف
مرکب اضافی فعل امر فعل امر ضمیر مرکب اضافی
منادیٰ + جملہ فعلیہ امریہ ۱-۲ مبتدا + خبر = جملہ اسمیہ

اے میرے رب! تو بخش دے اور تو رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے اچھا ہے۔

۱۲ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ (المائدۃ: ۲۱)

قوم + یِ
حرف ندا مرکب اضافی فعل امر (مرکب توصیفی) فعل ماضی + فاعل + متعلق فعل
منادیٰ (انتم) + مفعول بہٖ حال مفعول بہٖ (جملہ فعلیہ)
مرکب فعلیہ

اے میری قوم! تم پاک زمین میں داخل ہو (وہ) جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی۔

۱۳ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ (الحجر: ۳۴)

اِنَّ + كَ
فعل ماضی عطف فعل امر جر مجرور عطف حرف اسم + خبر
(اَنْتَ) متعلق فعل مشبہ بالفعل اِنَّ اِنَّ۔
(ھُوَ)
جملہ فعلیہ (جملہ فعلیہ امریہ جملہ اسمیہ) مقول۔

اُس نے کہا تو تُو اِس سے نکل جا پس یقیناً تو ایک مردود ہے۔

وَ اِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ (الحجر: ۳۵)

حرف عطف حرف مشبہ بالفعل جر مجرور متعلق خبر مقدم اسم منصوب مبتداء مؤخر جر (مرکب اضافی) مجرور۔ متعلق خبر۔ = جملہ اسمیہ۔

اور یقیناً بدلے کے دن تک تم پر لعنت ہے۔

Samra Khalil Uppal

۱۴ وَ اكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ (الاعراف: ۱۵۶)

حرف عطف | فعل امر، اَنْتَ | جر مجرور، متعلق فعل۱ | جر + (اشارہ + مشار الیہ (مجرور) متعلق فعل۲ | اسم منصوب مفعول بہ | حرف عطف | جر مجرور، متعلق فعل۳.

جملہ فعلیہ امر.

اور (تُو) ہمارے لیے اِس دنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھ دے.

۱۵ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ

مرکب اضافی، منادیٰ | فعل امر، اَنْتَ | ظرف + مضاف الیہ | حرف عطف | ظرف | مرکب اضافی، مضاف الیہ | جر مجرور، متعلق فعل.

متعلق فعل (مرکب عطفی) = جملہ فعلیہ

اے ہمارے رب! تُو ہمارے درمیان اور ہماری قوم کے درمیان (معاملہ) کھول دے.

وَ أَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ (الاعراف: ۸۹)

حرف عطف | ضمیر منفصل، مبتداء | اسم التفضیل (مضاف) + مضاف الیہ، + خبر (مرکب اضافی)

جملہ اِسمیہ.

اور تو (مُعاملہ) کھولنے والوں میں سب سے اچھا ہے.

Samra Khalil Uppal